ماخوذ ہیں۔ انشار کی تعلیم کے بعد اردو سے عربی اور عربی سے اردو میں ترجمہ کرنے پر مختلف اسباق ہیں اوران کی ترتیب بھی یہی ہے کہ پہلے اصول ترجمہ بیان کئے گئے ہیں اور پھران کی مشق کرائی گئی ہے۔ ان تمام تمرینات اور اسباق میں اس بات کا بھی خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے کہ آج کل کی عام مصری ریڈروں کی طرح طوطا مینا کے قصے نہ ہوں بلکہ ایسے اسباق کے ذریعہ تمرین کرائی جائے کہ متعلم میں اسلامی سیرت و کردار کے نقوش بھی ابھر سکیں۔ غرض کہ ادبی۔ تعلیمی اور اخلاقی ان تینوں حیثیتوں کے اعتبار سے یہ کتاب اس لائق ہے کہ مدارسِ عربیہ اس کو نصاب میں شامل کریں اور اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیں۔

ذکرِ غالبؔ | از جناب مالک رام صاحب ایم۔ اے تقطیع متوسط ضخامت ۲۸۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت تین روپیہ پتہ:۔ مکتبۂ جامعہ لمیٹڈ دہلی۔

جناب مالک رام صاحب غالبیات کے مشہور فاضل ہیں اوران کی یہ کتاب بھی غالبؔ کے قدرشناسوں کے حلقہ میں بڑی مقبول ہے۔ اگرچہ غالبؔ پر اب تک بڑی بڑی ضخیم کتابیں لکھی جاچکی ہیں لیکن جہاں تک کہ مرزا کی لالفت کا تعلق ہے یہ کتاب سب پر بھاری ہے اور صحیح خیر الکلام ماقل ودل کا مصداق ہے مرزا پر ریسرچ کا سلسلہ برابر جاری ہے جس کی وجہ سے بعض پرانے بیانات نظرثانی کے محتاج اور دوراول کی بعض تحقیقات مشکوک ہوگئی ہیں لائق مصنف نے کتاب کے اس تیسرے اڈیشن میں کچھ اضافے بھی کئے ہیں اور جدید تحقیقات کی روشنی میں اپنے بعض قدیم استنباطات وخیالات کا از سرنو جائزہ بھی لیاہے۔ امید ہے کہ سابقہ دواڈیشنوں کی طرح یہ تیسرا اڈیشن بھی مقبول ہوگا اور مرزا کے قدرداں اس کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔

قرآنی آئینہ | از جناب شیخ چاند محمد صاحب بی۔ اے تقطیع کلاں ضخامت ۴۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸؍ پتہ:۔ قرآنی آئینہ اکیڈمی آرام باغ روڈ کراچی۔

یہ قاعدہ بچوں کی نفسیات اوران کے ذہن کے تدریجی ارتقار کی رفتار کو پیش نظر رکھ کر اس طرح لکھا گیا ہے کہ ایک متوسط ذہن کا بچہ بغیر کسی بار کے بہت جلد حروف شناس ہوجاتا ہے اور